012000
ہفت روزہ
نگارِ سحر
ماہنامہ کی
طرح ہر
ہفتے شائع
ہونے والا
ادبی
جریدہ
مدیر:
ناصرہ
زیدی

## ریلوے نے سلیم پور جنکشن سے ہفتہ وار خصوصی ٹرین چلانے کا اعلان کر دیا

محکمۂ ریلوے مغربی ڈویژن کے ترجمان کے مطابق ٹرین نمبر 6 ہفتہ وار خصوصی ٹرین سلیم پور جنکشن سے ہر ہفتہ صبح 9 بجے روانہ ہوگی اور اسی روز رات 11 بجے منزلِ مقصود پر پہنچے گی۔ ٹرین میں 18 بوگیاں ہوں گی جن میں 2 درجہ اے سی، 4 درجہ بی سی، 6 درجہ اکانومی اور 6 بوگیاں جنرل درجے کی ہوں گی۔ ٹرین کے روٹ پر 27 اسٹیشنوں پر اس کے ٹھہراؤ کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔

ترجمان نے بتایا کہ ٹرین کے کرایہ جات عام ٹرینوں کے مقابلے میں 15 فیصد زیادہ ہوں گے۔ ٹکٹ کی بکنگ 7 دن پہلے شروع ہوگی اور مسافروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے شناختی کارڈ کی کاپی ساتھ رکھیں۔ ریلوے حکام کے مطابق ٹرین کی کامیابی کی صورت میں اسے ہفتے میں دو بار چلانے پر غور کیا جائے گا۔

(صفحہ آخر کا 6 پر ملاحظہ کریں)